کچھ اِشاریہ کے بارے میں

دورِ حاضر میں طباعت کی جدید سہولتیں فراہم ہونے کی وجہ سے ہر موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا نہایت مشکل ہو گیا ہے۔ ان حالات میں کتابوں یا رسائل کے بحرِ ذخار میں خاص موضوع تک رسائی اس سے بھی زیادہ مشکل امر ہے۔ کتابوں اور رسائل کے اشاریے اسی مشکل کو حل کرنے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔ جس کی مدد سے ہم قلیل وقت میں اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ماہنامہ حرمین جہلم کا اشاریہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ علمی دنیا میں عموماً دو طرح کی تحقیق ہوتی ہے یا تو وہ کسی موضوع پر ہوتی ہے یا پھر کسی شخصیت کے حوالے سے، اس لیے ماہنامہ حرمین کا اشاریہ ان ہی دو طرح سے مرتب کیا ہے تاکہ محققین کو دونوں طرح سے آسانی ہو۔

موضوعاتی اشاریہ

- تمام مضامین کو مختلف موضوعات میں تقسیم کر کے درج کیا گیا ہے۔ اس لیے مطلوبہ موضوع کے لیے ابتدا میں دی گئی 'فہرست' پر نظر ڈال لی جائے تو مطلوبہ موضوع کے بارے پتا چل جائے گا۔ اس کے علاوہ بعض موضوعات کے تحت یہ بھی لکھا گیا ہے کہ مزید دیکھیے فلاں موضوع۔ مثال کے طور پر امریکہ کے حوالے سے معلومات پاکستان، عراق، افغانستان وغیرہ کے ضمن میں بھی ملیں گی۔
- مقالات کے علاوہ تبصرۂ کتب کو بھی ہر موضوع کے تحت (مقالات کے ساتھ نیچے لکیر لگا کر) درج کیا گیا ہے، تاکہ ایک موضوع پر مقالات کے ساتھ ساتھ اس موضوع پر کتب سے بھی آگاہی ہو سکے۔
- اگر کسی مضمون میں دو یا اس سے زائد موضوعات کا ذکر ہوا ہے تو اس کو تمام متعلقہ عنوانات میں بھی درج کر دیا گیا ہے۔
- تمام موضوعات کے اندر مقالات کی ذیلی ترتیب ''ترتیبِ زمانی'' کے تحت رکھی گئی ہے تاکہ ایک موضوع پر علمی ارتقا کے ساتھ ساتھ تعاقب یا تنقیدی مضامین بھی اسی ترتیب میں سامنے آجائیں۔
- سیر و سوانح کے باب میں ترتیب یوں ہے: عظمت و سیرت انبیاء کرام، خلفائے راشدین، سیرت صحابہ و صحابیات، ائمہ کرام و محدثین کے عنوانات کے بعد باقی شخصیات کو 'متفرق شخصیات' کے عنوان سے درج کیا گیا ہے تاکہ مطلوبہ شخصیت پر مضمون تلاش کرنے میں آسانی رہے۔ اس سلسلے میں نیا انداز اختیار کیا گیا ہے۔

مصنف وار اشاریہ

- مصنف وار اشاریہ میں تمام مصنفین کے نام الف بائی ترتیب سے درج کیے گئے ہیں۔

- اس حصے میں تفصیلاً لکھنے کی بجائے موضوعاتی اشاریے کی ہر لائن کو نمبر دے کر وہ نمبر مصنفین کے ناموں کے آگے درج کردیے گئے ہیں۔ یوں بہت کم صفحات میں اشاریے کو سمودیا گیا ہے۔
- ایک 'مصنف' کے مقالات، ترجمے، تبصرے، بطورِ مرتب کا بھی ساتھ ہی ذکر کردیا گیا ہے تاکہ ایک مصنف کی تمام تخلیقات و نگارشات ایک ہی نظر میں سامنے آجائیں۔

نوٹ: اشاریہ 2010ء تک کا بنایا گیا تھا لیکن ناگزیر وجوہات کی بنا پر 2011ء کے شمارے بھی شامل کردیئے گئے ہیں۔ چونکہ اشاریہ کی نمبرنگ ہوچکی تھی اس لئے 2011ء کے مضامین کو سیریل نمبر کے ساتھ a,b,c کے ہندسے لگا کر شامل کیا گیا ہے۔

اظہارِ تشکر

ربّ العزت کا بے پناہ کرم ونوازش ہے کہ اُس نے مجھے ماہنامہ حرمین کی اشاریہ سازی کی سعادت بخشی۔ اس پر میں اُس کا بے پناہ شکر ادا کرتا ہے۔ 'حق تو یہ ہے کہ اُس کا شکر ادا نہیں کیا جاسکتا۔ فالحمدللہ

ماہنامہ الحرمین کے بانی شیخ الحدیث مولانا محمد مدنیؒ صاحب تھے۔ اُن کے بعد یہ علمی ودینی مجلہ محترم جناب مولانا عبدالحمید عامر حفظہ اللہ کی زیرِادارت علمی وملّی سرگرمیوں کی اشاعت میں مصروفِ عمل ہے۔ اس علمی، دینی وتاریخی سرمایہ کو آسان تر اُسلوب میں قابلِ استفادہ بنانے کے لیے اس کا اشاریہ مرتب کیا گیا ہے۔

اشاریہ کی تیاری واشاعت کے سلسلے میں مَیں محترم جناب مولانا عبدالحمید عامر حفظہ اللہ کا بے حد ممنون ہوں، جنھوں نے اس اشاریے کی تکمیل اور اشاعت میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ ان کی خصوصی شفقت اور توجہ سے یہ اشاریہ شائع ہورہا ہے۔ مَیں محترم ڈاکٹر حافظ حسن مدنی صاحب مدیر ماہنامہ محدث لاہور کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں، جنھوں نے اشاریہ سازی کے فن میں میری بہت زیادہ رہنمائی اور تربیت کی۔ اُن کی تربیت کی وجہ سے ہی یہ اشاریہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ جنھوں نے نہایت محنت اور لگن سے اشاریہ کی نظرِثانی کی۔ ان کے علاوہ برادرِ عزیز محمد زاہد حنیف کھوکھر کا بھی ممنون ہوں، جنھوں نے اس اشاریے کی تکمیل کے لیے مختلف لائبریریوں سے رسائل کے حصول کو ممکن بنایا۔

نوٹ: اشاریے کی موضوعاتی ترتیب میں وہی انداز اختیار کیا گیا ہے جو مجلس التحقیق الاسلامی، ۹۹۔ جے بلاک، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے شعبہ رسائل نے قائم کی اور اس کے مطابق جہاں پر بیس سے زائد رسائل کے اشاریے تیار کیے گئے ہیں۔ (مثلاً ماہنامہ محدث، ماہنامہ الحق، ماہنامہ القاسم، ماہنامہ فقہ اسلامی، ششماہی علوم القرآن، ماہنامہ الرحیم، ہفت روزہ توحید، مجلّہ تحقیق، ماہنامہ رحیق، وغیرہ۔)

محمد شاہد حنیف / سمیع الرحمٰن
[مجلس التحقیق الاسلامی]
۹۹، جے بلاک، ماڈل ٹاؤن، لاہور فون: ۰۳۳۳-۴۱۲۸۷۴۳